| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: ریاست اور حکومت (State and Government) | سبق کا نام: ریاست اور حکومت (State and Government) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آئین کی تعریف کر سکیں۔
- پاکستان کے آئین کے بنیادی خصوصیات بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے پوچھیں:

- حکومت اور ریاست میں کیا فرق ہے؟
- حکُومت سازی کے لیے کتنے لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

ان سے جوابات لیں اور درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں آج کے سبق میں وہ آئین کی خصوصیات کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 28 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کسی بھی ریاست یا ملک کا نظم و نسق چلانے کے لیے بنیادی اصول و ضوابط کا مجموعہ ''آئین'' کہلاتا ہے۔
- انھیں بتائیں ملک کے تمام قوانین آئین کی روشنی میں مرتب دیے جاتے ہیں۔
- آئین یا دستور ریاست کے نصب العین کا تعین کرتا ہے۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا وہ جانتے ہیں کہ پاکستان میں اس وقت کون سا آئین رائج ہے؟
- انھیں بتائیں پاکستان میں اس وقت 1973ء کا آئین رائج ہے۔ اس آئین کے مطابق:
  - تمام کائنات پر حاکمیت اللہ تعالیٰ کی ہے۔
  - پاکستان کا سرکاری نام ''اسلامی جمہوریہ پاکستان'' ہے۔

- ○ یہ لازمی ہے کہ ملک کا صدر اور وزیر اعظم مسلمان ہو اور عقیدہ رسول خاتم النبیین ﷺ پر یقین رکھتے ہوں۔
- طلبہ کو باقی اہم نکات کی متن کے حوالے سے بلند خوانی کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

پڑھائے گئے سبق سے متعلق مختصراً دہرائی کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

متن کے حوالے سے طلبہ سے سوالات کے جوابات کریں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی2 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 2 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: ریاست اور حکومت (State and Government) | باب سوم: ریاست اور حکومت (State and Government) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کے آئین کے مطابق شہریوں کے حقوق اور ذمہ داریاں بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ بطور طالب علم ان کی کیا ذمہ داریاں ہیں؟

کیا وہ ان ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہیں؟ ان سے جوابات لیں۔

انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ شہریوں کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 29 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو شہریوں کے حقوق و فرائض سے روشناس کروائیں۔ یہ بھی بتائیں ریاست پاکستان میں جمہوری حکومت ہے۔
  - ہر شہری تعلیم اور معالجے کا حق رکھتا ہے۔
  - ہر شہری کو زندگی کی تمام بنیادی سہولتوں کا حق حاصل ہے۔
  - 18 سال کی عمر میں ایک شہری ووٹ دے سکتا ہے۔
  - ہر شہری کو آزادی اظہار کا حق حاصل ہے۔
- طلبہ کو بتائیں حقوق کے ساتھ ساتھ ہمارے کچھ فرائض بھی ہے۔ جیسے ہر شہری کا اولین فرض یہ ہے کہ وہ ملک کا وفادار رہے۔
  - قوانین کی پابندی اور احترام کرے۔
  - اپنے ووٹ کا صحیح استعمال کرے۔

- طلبہ کو ان تمام حقوق اور ذمہ داریوں کی بلند خوانی کروائیں اور پوچھیں کہ بطور پاکستانی وہ اپنے ملک کے لیے بہترین شہری کیسے ثابت ہو سکتے ہیں؟

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے مشق جزو2 کا سوال (۲) کا جواب لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال 1: ایک پاکستانی شہری ہونے کے ناطے آپ اپنی تین ذمہ داریاں (فرائض) تحریر کریں۔

(i) ____________________

(ii) ____________________

(iii) ____________________

سوال 2: پاکستان ایک اِسلامی ریاست ہے۔ اس ریاست کی ترقی کے لیے آپ کس طرح اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں؟

جواب: ____________________

____________________

____________________

____________________

____________________

____________________

____________________

| سبقی منصوبہ بندی 3 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 2 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: حکومت کے اجزا (Organs of Government) | باب سوم: ریاست اور حکومت (State and Government) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حکومت کے اعضا: مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ کے بارے میں بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔


طلبہ سے پوچھیں:

- حکومت کسے کہتے ہیں؟

انھیں بتائیں شہریوں کے بنیادی حقوق، جان و مال کا تحفظ، عدل و انصاف کی فراہمی، امن و امان کی بحالی ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ اس ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے حکومت بنائی جاتی ہے۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 32 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی ضرورت کے بارے میں بتائیں کہ جب کسی ملک کا رقبہ وسیع ہو اور لوگوں کا رہن سہن، ضروریات اور وسائل مختلف ہوں تو وہاں ایک حکومت بہتر نظم و نسق نہیں چلا سکتی۔ ایسے حالات میں ایک مرکزی اور کئی صوبائی حکومتیں بنانا پڑتی ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں اس طرح کی حکومت کو وفاقی حکومت کہتے ہیں۔ پاکستان میں وفاقی و پارلیمانی طرزِ حکومت رائج ہے۔
- انھیں بتائیں یہ ایک ایسا نظام ہوتا ہے جس میں آئین کے مطابق اختیارات کو مرکزی اور صوبائی حکومتوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں وفاق ایک ایسی تنظیم ہے جو قومی اتحاد اور اختیارات کو صوبائی اور علاقائی حقوق کے ساتھ ہم آہنگ کرتی ہے۔
- انھیں بتائیں وفاقی حکومت تین اعضا پر مشتمل ہے۔




- انھیں تختہ تحریر پر خاکہ بنا کر ان کے بارے میں بتائیں کہ یہ تینوں اعضا ہی حکومت کے لیے بہت ضروری ہیں۔ اگر ان میں ایک عضو بھی نکل جائے تو حکومت کے افعال متاثر ہوں گے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (ا) کا جواب طلبہ سے زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔